ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

مفاہمتی یاداشت پر دستخط۔

کراچی 03 جون 2021ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں امروز سندھ پولیس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ادارے آئی آر نیکسٹ IR-NEXT کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیئے گئے جس کے تحت آئی آر نیکسٹ انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق معیاری تعلیم کے ضمن میں پولیس کی شہداء اور متوفی پولیس اہلکاروں کے بچوں کو سو فیصد اسکالرشپ فراہم کریگا جبکہ حاضر سروس پولیس ملازمان کے بچوں کو پچاس فیصد تک کی اسکالرشپ دی جائیگی۔ تاہم اس سلسلے میں اے آئی جی ویلفیئر سندھ کے دفتر سے داخلے کے لیئے لیٹر حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

علاوہ ازیں آئی آر نیکسٹ پولیس ملازمین کے بچوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی معیاری تعلیم کے حوالے اسکالرشپ کی فراہمی کے سلسلے کو مستقبل میں بھی جاری رکھے گا۔

اس موقع پر آئی جی سندھ کے علاوہ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ، اے آئی جی ویلفیئر سندھ، آئی آر نیکسٹ IR-NEXT کے چیئرمین وبانی ڈاکٹر خالد محمود، سی ای او شارق ہاشمی، کوآرڈینیٹر خضر محمد، ڈائریکٹر آئی آر نیکسٹ فیصل صدیقی بھی موجود تھے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔